## سوال

(238)فرض نماز پڑھنے کے بعد آیت الکرسی پڑھنے کی فضیلت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھ کر جنت میں جانیوالی حدیث کی سند درست ہے؟ (ایک سائل)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام نسائی کی السنن الکبریٰ (ح9928) اور عمل الیوم واللیلہ (ح100) میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((من قرا آیة الکرسی فی دبر کل صلوة مکتوبة لم یمنعه من دخول الجنة الا ان یموت))

جو شخص ہر فرض نماز کے آخر میں (یعنی بعد میں) آیت الکرسی پڑھتا ہے تو اسے جنت میں داخل ہونے سے موت کے علاوہ کوئی چیز نہیں روکتی۔

اس کی سند حسن ہے۔ اسے ابن حبان نے بھی صحیح قرار دیا ہے۔ (دیکھئے اتحاف المہرة (6/259رقم :648) (شہادت، اکتوبر1999)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاوی علمیہ**

**جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ468**

محدث فتویٰ